وہاں کی اقتصادی و سماجی ترقی میں حصہ لینے کے لئے واپس آگیا تھا
جلد یا بدیر امریکہ کو بھی یہی کردار ادا کرنا ہوگا۔

IF THIS Happens To You!

National AUTO BODY
614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261 4262

ہندچینی میں کمیونسٹوں کی فتح کے دوررس نتائج برآمد ہوں گے

امریکہ جلد یا بدیر ہندچینی کی تعمیرنو اور ترقی میں حصہ لے گا: وزیراعظم بھٹو

راولپنڈی — (اے پی پی) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ ہندچینی میں کمیونسٹوں کی فتح کے دوررس نتائج برآمد ہوں گے
انہوں نے آج شام یہاں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس صورت حال سے نہ صرف جنوبی ایشیا متاثر ہوگا
بلکہ مشرق وسطیٰ، یورپ اور پوری تیسری دنیا بھی اس کے اثرات سے نہیں بچ سکے گی۔ مسٹر بھٹو نے ایک اخبار نویس کے سوال کا جواب
دیتے ہوئے کہا کہ ہندچینی کے حالات میں تبدیلی کا اثر جنوبی ایشیا کو ایک نہیں ہے کہ یہ تبدیلیاں جنوبی ایشیا اور برصغیر کو اپنے
اثرات کی لپیٹ میں لے لیں گی۔ کے ملک بہت جلد محسوس کرنے لگیں گے۔ مجھے یہ کہنے دیجئے

ایران اور پاکستان میں طویل المیعاد تجارتی معاہدے پر دستخط ہوگئے، باہمی تجارت میں زبردست اضافہ ہوگا

اسلام آباد میں پاکستان اور ایران کے تجارتی وفود میں مذاکرات کا ایک منظر

ایک دوسرے کے راستے دیگر ممالک سے بھی تجارت بڑھائی جاسکے گی

ایرانی سرمایہ سے پاکستان میں مزید مشترکہ منصوبے بھی قائم کیے جائیں گے - فریدون

اسلام آباد — (اے پی پی) پاکستان اور ایران میں آج ایک طویل المیعاد تجارتی معاہدے پر دستخط ہوئے جو دونوں ملکوں
میں ۱۹۶۲ء میں طے پانے والے تجارتی معاہدے کی جگہ لے گا۔ سرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ معاہدہ پانچ برس کے لئے ہوگا تاہم
اس میں توسیع کی جاسکے گی۔ معاہدے کے تحت دونوں ملک ایک دوسرے کو زیادہ سے زیادہ اشیاء برآمد کریں گے۔ معاہدے میں
اشیاء کی قیمت یا مقدار کا تعین نہیں کیا گیا۔ تجارت ہر شکل میں
ملک زیادہ سے زیادہ قیمت پر معقول شرح سے تجارت کریں گے۔
اعلان میں کہا گیا ہے کہ یہ طویل المیعاد معاہدہ دونوں ملکوں
کے باہمی تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو زیادہ سے زیادہ
فروغ دینے کی خواہش کا اظہار ہے اور اس کا مقصد یہ ہے
کہ اشیاء کا تبادلہ تیز ہو جائے۔ اس معاہدے سے طویل المیعاد
بنیادوں پر تجارت کو وسعت دینے کے لئے ایک نئی بنیاد رکھ
دی گئی ہے۔ معاہدے پر پاکستان کے وزیر تجارت مسٹر رفیع
رضا اور ایران کے وزیر تجارت مسٹر فریدون مہدوی نے
دستخط کئے۔ قبل ازیں آج دونوں وفود نے تجارت کی مرکزی
میں پاکستان اور ایران کے وفود نے بات چیت کی۔ مسٹر فریدون
نے وفاقی وزیر خزانہ رانا محمد حنیف سے بھی ملاقات کی اور
باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

باہمی تجارتی معاہدے پر دستخط کرنے کے بعد ایرانی وزیر تجارت
نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ اس معاہدے کا مقصد دونوں ملکوں کی
قابل برآمد فاضل پیداوار کا تبادلہ ہے اور توقع ہے کہ اس سے
باہمی اقتصادی و تجارتی روابط مضبوط تر ہوں گے جس کے لئے ابتدا
اصل میں شہنشاہ ایران اور وزیراعظم بھٹو نے پیدا کر دیئے ہیں۔ انہوں
نے کہا کہ دونوں عظیم لیڈر ایران اور پاکستان میں اقتصادی تعاون
کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینے کے خواہشمند ہیں۔ انہوں نے کہا
کہ جب وہ وزیراعظم بھٹو سے ملے تو انہوں نے اس خواہش کی توثیق
کی۔ انہوں نے بتایا کہ ایران اور پاکستان کے پاس ایسی بہت سی
فاضل اشیاء موجود ہیں جو وہ ایک دوسرے کو بیچ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ
دونوں ملک کئی مشترکہ منصوبے بھی شکل کر رہے ہیں جن پر ایران
سرمایہ لگائے گا اور جو پاکستان میں لگائے جائیں گے۔ انہوں نے باہمی
تعاون کی روشنی میں ایک دوسرے سے تجارت انتہائی پیمانے پر
پہنچانے پر زور دیا اور کہا دونوں ملکوں کو دوسری قوموں کے ساتھ
بھی باہمی رابطوں کی بنیاد پر تجارت بڑھانی چاہئے تاکہ باہم فائدہ
ہو۔ انہوں نے کہا پاکستان ایران کے خشکی کے راستے یورپ سے
تجارت کر سکتا ہے جس سے بڑی بندرگاہوں کی تنگی کے اس دور میں
زیادہ فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح ایران بھی پاکستان کے راستے
متعدد ملکوں سے تجارت کر سکتا ہے۔ انہوں نے ایک سوال پر بتایا کہ
اس معاہدے کی بدولت باہمی تجارت اس کی نسبت بہت بڑھ
جائے گی۔ ایک اور سوال پر انہوں نے بتایا کہ مختلف ملک جو مشترکہ منصوبے
قائم کر رہے ہیں ان کا تعلق زراعت، صنعت اور تجارت سے ہے۔
ایران اور ... دس ماہ میں معاہدہ ہو جائے گا۔

حیدرآباد — (اے پی پی) سکرنڈ شیخ نواب شاہ کے قریب
ایک ... میں آگ لگ گئی

پاکستان آٹھ سال تک ایٹمی دھماکہ کرنے کے قابل ہو جائے گا

بھارت موجودہ حالات میں بارہ سے زیادہ ایٹم بم نہیں بنا سکتا

لندن — (نامہ نگار) پاکستان آئندہ آٹھ سال کے اندر کامیابی کے ساتھ ایٹم بم بنا سکتا ہے اس کا انکشاف تزویراتی مطالعہ کے بین الاقوامی
انسٹی ٹیوٹ کے تازہ ترین سروے میں کیا گیا ہے اس کے مطابق پاکستان ان پانچ ملکوں میں سے ایک ہے جو ایٹمی طاقت بننے والے ہیں
وہ مستقبل قریب میں کامیابی کے ساتھ ایسا بم بنا سکتا ہے جیسا بھارت نے بنایا ہے۔ فوجی سروے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے پاس
یورینیم دھات کا جو ذخیرہ ہے اور ۱۹۷۶ء تک اس کا ایک کراچی ایٹمی بجلی گھر ... تک بجلی تیار کرنے لگے گا۔ اگر پاکستان نے ایٹم بم
بنانے کا فیصلہ کیا تو وہ آٹھ سال کے اندر پہلا دھماکہ کرنے کے قابل
ہو جائے گا۔ سروے میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان کے پاس اس وقت
یورینیم اور کینیڈا کے ... پلوٹونیم ایٹم بم بنانے کے لئے
استعمال کیا جاسکتا ہے۔ بھارت کی ایٹمی صلاحیت کے بارے میں
سروے میں کہا گیا کہ اس وقت بھارت کے پاس پلوٹونیم اتنا نہیں ہے
کہ وہ ایک درجن سے زیادہ ایٹم بم بنا سکے البتہ ۱۹۸۰ء میں جب
سروے کے مطابق ... ری ایکٹر ... جب ... کام
شروع کر دے گا تو بھارت زیادہ ایٹم بم بنانے کے قابل ہو جائے گا۔

FOR SALE
MUZAFFAR
REAL ESTATE BROKER
226-5454
MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

رہائشی، دیہاتی، کمرشیل، اور فارم وغیرہ کی
جائیدادوں کی خرید و فروخت اور مارگیج کا
بندوبست کرنے میں ہر قسم کی مدد مہیا کی
جاتی ہے - خدمت کا موقع دیجئے -
۱۵ سالہ بین الاقوامی اور مقامی ریئل اسٹیٹ کا
تجربہ - ٹورانٹو کے پہلے پاکستانی بروکر -

FOR SALE
MUZAFFAR
REAL ESTATE BROKER
226-5454
MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

نسیم مظفر - بروکر

N. MUZAFFAR
BROKER

2901 BAYVIEW AVE. SUITE # 219 WILLOWDALE ONT.

MAKE 1975 VISIT HOME YEAR

FOR YOUR AIR-TICKETS TO PAKISTAN, INDIA OR ANYWHERE IN THE WORLD CONTACT ELEGANT TRAVEL SERVICE, SUITE 5A, 3240 BLOOR ST. WEST, (NEAR ISLINGTON SUBWAY) TORONTO, TELEPHONE 233-9993. BE ASSURED OF PRICES AND EFFICIENT SERVICE. CONSIDER OUR TRAVEL SERVICE AS YOUR OWN AND WE WILL ARRANGE ALL TRAVEL REQUIREMENTS TO YOUR SATISFACTION.

ZARTH MODI
TELEPHONE
233-9993

ELEGANT TRAVEL SERVICE
SUITE 5A 3240 BLOOR ST. W. TORONTO M8X 1E4 ONT.

چاند کا نسلی امتیاز

از :۔ محمد جاوید اکبر (ٹورانٹو)

کہتے ہیں چاند پر ایک مخلوق آباد ہے جو زمین پر بسنے والوں سے کہیں زیادہ ترقی یافتہ ہے۔ چنانچہ جب زمین کے تین باسی چاند پر پہنچے تو مسکراتے چہروں سے ان کا استقبال کیا۔ سفیدان والی کی گھمبیر خاموشی بابِ سپارٹ ڈانی امد پر پہنچے جہاں خوشنودی کا جارجہ ہی بجے زمین کے ان باشندوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے جیسے ان کو ادھر آ کھیں بچھا رکھا ہو۔

"تنا کُھِن تا بُ" سے ملاقات کا سفر مہینوں سے دل میں رکھے خیال کا سفر

لیکن یہ حقیقت ہے کہ انسان چاند پر پہنچ جاتے۔ چاند جو زمین کی طرح کائنات کا ایک جزو ہے، قدرت کی صناعی کا ایک شاہکار ہے!

چنانچہ اس حقیقت کو کہ زمین کے باشندے اب چاند کا رخ کرنے لگے سائنسدانوں نے اسے ایک خوشنما آئندہ دور کا آغاز جانا۔ لیکن چاند پر بسنے والی مخلوق نے انسانوں کی اس طرح آمد پر خوشی کے ٹھنڈے جذبات کا اظہار کیا۔ انسان جو چاند پر اجنبی تھے یہ سمجھ رہے تھے شاید چاند کی ٹھنڈک کا اثر اس کی مخلوق کے مزاج پر بھی غالب ہے۔

چاند کی مخلوق زمین کے باشندوں سے کسی طرح بھی مختلف نہ تھی فرق صرف جلد کی رنگت کا تھا! ایک زمین کی پیدائش تو دوسری چاند کی! چنانچہ زمین کے تینوں انسان چاند کی مخلوق سے اجنبیت کی بنا قدرے جھجک سے ملے، دل میں یہ احساس موجود تھا کہ شاید غریب الوطنی ہو سکے نا خوشی ہو۔ مگر جوشیلی کی فضا پیدا ہو گئی ..... بعض اوقات چاند کی مخلوق کا رویہ انہیں خاصا افسردہ کرتا لیکن جب مشتری، عطارد، زہرہ و زحل سے آئے ہوئے چیلنجر باشندوں کی زبان خاص مخلوق کی بدا خلاقی کے خیالی خیالات نا پسندیدہ نظروں میں اس انسان کو دو حشی و نا واقف تھا۔ زرد رنگ نہ ہونے دیتا۔

وقت گزرتا گیا اور چاند کے یہ باشندے بھی معاشی کو تلاش میں سرگرداں ہوگئے۔ ایک جسے کرۂ ارض سے پی ایچ ڈی کی اعلیٰ سند سے نوازا تھا، دوسرا جو فنی ماہر تھا اور تیسرا جو علم کی پیاس بجھانے چاند پر سہانے مستقبل کے خواب لے کر پہنچا تھا چاند کی سڑکوں پر مارے مارے پھرتا۔ جو ڈاکٹر (پی ایچ ڈی) تھا وہ سب سے زیادہ مطمئن تھا اسلئے کہ چاند اسے کرۂ ارض سے

لیکن زیادہ ترقی یافتہ نظر آیا! اور ترقی یافتہ قوموں کی پہچان ہی یہی ہے کہ وہاں اہلِ علم کا بہت قدر ہوتا ہے۔ فنی ماہر جا بجا کارخانوں و تعمیرات کو دیکھ دیکھ کر پھولے نہیں سماتا تھا، اور وہ جو علم کا طالب تھا وہ بھی بہت پُر امید تھا!

چاند کی دنیا کس قدر حسین، زمین سے کس قدر مختلف، اسکے طور طریقے اسکے لوگ، اسکی تہذیب، اسکا ماحول ــــــ ان تمام باتوں نے ان تینوں میں سے کسی کو بھی پست ہمت نہ ہونے دیا۔ ہاں البتہ جب کبھی اپنے پیارے وطن کرۂ ارض کی یاد ستاتی تو تینوں سر جوڑ کر پیار و محبت سے پرانی یادیں تازہ کرنے بیٹھ جاتے اور پیاری زمین کی باتیں ہونے لگتیں جو بحث میں تبدیل ہو جاتیں اور دیکھتے ہی دیکھتے تو تکرار حتیٰ کہ ملکی انتشار ہوتی اور تینوں نہایت غمگین و ملول اپنی اپنی راہ لیتے۔ تو تکرار کا یہ سلسلہ مل بیٹھنے کے ساتھ ہی ہوتا اسلئے کہ ان میں سے دو بہت جوشیلے تھے اور دونوں کے سیاسی نظریات مختلف لیکن دونوں کو زمین سے یکساں و والہانہ محبت تھی اور یہی محبت انہیں اکٹھا و جدا کرتی!!!

تیسرا دونوں کی اس جھک جھک سے عاجز تھا۔ دانشور ہونے کی بنا دونوں کو جذباتی ہونے سے باز رکھنے کی کوشش کرتا ــــ

ــــــ نادانو! یہ وقت جذباتی ہونے کا نہیں زمانہ کی نزاکت کا تقاضہ یہ ہے کہ جوش کے بجائے ہوش سے کام لیا جائے۔ تم لوگ اپنے وطن سے اتنی دور کیا آپس میں لڑنے کے لئے آئے ہو؟؟؟

ــــــ اور کس بات پر لڑتے ہو ــ؟ لوگ ہنستے ہیں دشمن خوش ہوتے ہیں ــــ تمہیں اپنے حق کے لئے لڑنا چاہئے نہ کہ ...... !

اس بیہودہ تنازع کا دورانیہ کچھ دیر کے لئے اثر ہوتا مگر روش وہی پرانی رہتی!!

ایک وہ بھی وقت تھا جب زمین کے تینوں باشندے چاند کی دنیا میں قدم جمانے کی سر توڑ کوشش کرتے مگر خاطر خواہ کامیابی نصیب نہ ہوئی۔ جو پی ایچ ڈی تھا اُسے over Qualified کہہ کر مسترد کر دیا جاتا ـــــ جو

فنی ماہر تھا اُسکے پاس چاند کی دنیا کا تجربہ نہ تھا اور معصوم طالب علم باوجود ہونہار ہونے کے بھی ہر جگہ ــــــ الوسن لوٹتا ـــ!

صاحبو ـــ!

وقت ہمیشہ ایک جیسا نہیں رہتا۔ ہم بتانا یہ چاہتے ہیں کہ وہ چاند کی دنیا کی سیر کر رہے ہیں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور زمین کے یہ سپوت آخر کار انتہائی منزل کی جانب آگے بڑھتے رہے اور ان کا ترقی قابلِ رشک رہی۔

چاند کی دنیا بھی کرۂ ارض سے زیادہ مختلف نہیں تھی وہی مسائل وہی سیاسی دھڑے بندیاں، وہی معاشرتی برائیاں وغیرہ وغیرہ لیکن اس کی مخلوق کے بہت سے افراد چاند پر بسنے والے دوسرے سیاروں کی مخلوق کے خلاف دل میں کدورت کا ایک غبارے وقت بے وقت ڈینگ مارا کرتے حالانکہ چاند کی ترقی و خوشحالی زمین کی طرح دوسرے سیاروں سے آئے ہوئے افراد کی مرہونِ منت رہی! سچی بات یہ ہے کہ اگر یہ لوگ نہ آتے تو آج چاند ایک ویرانے و بنجر برف سے ڈھکی وادی کے علاوہ اور کچھ نہ ہوتا! اس حقیقت کے باوجود چاند کے باشندے اپنے آپ کو برتر سمجھتے تھے۔ برتری کی بنیاد اہلیت نہیں بلکہ قومیت تھی!!

زمین سے آئے ہوئے باشندوں کا شمار چاند پر بسنے والی ایک بہت ہی چھوٹی اقلیت میں ہوتا۔ ویسے بھی یہ اقلیت نہایت تانون پسند اور مہذب شہریوں کی طرح رہتے۔ خاموشی و خوشی اور اپنے کام میں مگن رہا کرتے تھے ـــ!

صاحبو! چاند پر ایک عجیب الخلقت مخلوق نسل بھی بڑی تعداد میں آبسی تھی اور زمانی باشندوں کی طرح چاند پر انہیں پیدائشی حق حاصل تھا اور دیگر سیاروں سے آئے ہوئے باشندوں کی نسبت میں ہمیشہ پیش پیش رہتی۔ یہ عجیب الخلقت نسل ایک ٹوٹے ہوئے ستارے سے آئی تھی جو پرپلوٹینز کے نام سے مشہور تھا۔ اس نسل کو یہ دیکھ کے کہ کتنا پسند ہوتا کہ زمین جیسی چھوٹی

اقلیت کے باشندے اتنی جلدی کس طرح چاند پر خوشحال و آباد ہوگئے۔ چنانچہ پرپلوٹینز نسل اس چھوٹی و معصوم اقلیت کو نقصان پہنچانے کے درپے ہوگئے۔ چھوٹے چھوٹے واقعات کا بہانہ بنا کر میں زہر اگلنے لگے دیکھتے ہی دیکھتے اسی چاند پر جو بھی گزری ـ خانی انتشار خاک ستارہ اسکا اوّل کار بنا اور معصوم اقلیت پر رنگ کے حملے شروع کر دیئے۔ اس مذموم حرکت پر زمین کے باشندے چیخ اٹھے ـ دو جو جذباتی تھے نعرے و جلوس کی بات کرتے لیکن وہ جو دانشور تھا وہ خوب جانتا تھا کہ چاند کی دنیا زمین سے کس حد تک مختلف ہے یہاں ٹھنڈے اور غیر جذباتی دماغ کی جنگ سے زیادہ موثر کوشش کی ضرورت ہے۔ یہ ذہن کی آزمائش ہے اپنے حقوق کی جنگ ــــ یہ زندگی سے نہیں اسکی آن سے پیار کرتے ہیں وہ سب غیرت مخلوق نہیں جو ان کمزوروں اور لاچاروں کو لاچار و بے بس چھوڑ کر جوانی کی بدمستیوں میں مدہوش ہو جاتی ہو۔

یہ انسان ہیں اور ان میں احساسات ہیں، ان کے جسم سے لہو خود روانی ہے لیکن ـــــ

چاند پر تو ہر آفت آتی ہے ـ روشنی تو چاند ہماری ہے سماں ترقی کی رہ ہو

صاحبو ....! اگر چاند والے دانشمندی و دانائی سے اخلاق و سلامتی کے مرحلہ کا تقاضہ نہ کیں تو زمین ہی چاند کو رسوا کرے گا۔ اور پھر ـ چاند گہنا جائے گا ـ!

●●

غزل

از

پروفیسر وحید الدین

(بھیلسہ کے مشاعرے میں پڑھی گئی)

عشق کی راہیں ہیں ناہموار دیکھ
ہیں بڑی پُر پیچ و خم پُر خار دیکھ

جان من یوں حقیقت میں بر ہم نہ ہو
اپنی صورت دیکھ میرا پیار دیکھ

بعد میں دیکھ اپنی حسن آرائیاں
پہلے میرے عشق کا معیار دیکھ

بڑھ گئی حد سے میری تشنہ لبی
ساقیا! تو بہر خدا کی مار دیکھ

عشق کی اللہ رے رسوائیاں
حسن عریاں ہے سرِ بازار دیکھ

کیا علاج آخر کرے گا اے طبیب
آگئے تو عشق کے بیمار دیکھ

اس ستمگر کی جفا کم تھی وحید
پھر فلک سے ہے دو چند آزار دیکھ

●

مندرجہ ذیل رنگین پاکستانی فلموں کے قانونی حقوق برائے شمالی امریکہ بشمول ویسٹ انڈیز ہم نے حاصل کرلئے ہیں۔ امریکہ کینیڈا اور ویسٹ انڈیز کے مختلف شہروں میں ان فلموں کی نمائش کیلئے خواہشمند حضرات رجوع فرمائیں۔

THE ABOVE FILMS ARE WITH ENGLISH SUBTITLES

3705 Hotel de Ville
Montreal, P.Q., Canada
H2X 3B9

مقبوضہ کشمیر میں زبردست مظاہرے : پولیس کے ساتھ تصادم میں متعدد افراد زخمی

پولیس نے آنسو گیس کا استعمال اور لاٹھی چارج کیا

بنگلہ دیش سے ساٹھ ہزار ہندو مغربی بنگال چلے گئے

فاقہ زدہ باشندوں کی مسلسل آمد نے بھارتی حکومت کو پریشان کر دیا

عالم اسلام کے اتحاد کی کوششیں جاری رہیں گی

عرب امارات کیلئے پاکستانی ماہرین کی خدمات

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ڈرافٹسمین، مقیم ٹورنٹو، نوجوان کے لیے ہند یا پاکستان سے تعلق رکھنے والی مسلمان لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کے لیے لکھیے۔

K. Q
C/o CRESCENT

•

ایک چالیس سالہ پاکستانی امیگرنٹ کے لیے ایسی مسلمان خاتون کا رشتہ مطلوب ہے جس کی عمر تیس تا چالیس سال کے درمیان ہو۔ ذیل کے پتے پر خط و کتابت کیجئے :-

O. AHMED
20 FOREST MANOR ROAD
APT. # 804
WILLOWDALE, ONT.
CANADA

•

سیلز کا کام کرنے والوں کی ضرورت ہے

ریئل اسٹیٹ کے ایک ماڈرن آفس میں تجربہ کار سیلزمین اور سیلز لیڈیز کی ضرورت ہے۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجئے۔

نسیم ملک 226-5454

•

خوش آمدید

فریدہ اور شاہد ہاشمی اپنے بھائی محمود الحسن اور بھابی شائستہ حسن کو ٹورانٹو آنے پر خوش آمدید کہتے ہیں۔

پینٹنگز کی نمائش

Parks and Campsites are among our greatest natural attractions.

This is what Ontario is doing to expand and protect them.



انٹاریو کی حکومت صوبائی پارکوں اور کیمپ کی جگہوں کو قائم کرنے اور ان کی دیکھ بھال کرنے کی مستقل پالیسی رکھتی ہے۔ مثلاً اس سال انٹاریو والوں کی خوشی اور تفریح کی خاطر چار نئے صوبائی پارک اور چھ سو سے زائد نئی کیمپ کی جگہیں بنائی جا رہی ہیں جو موجودہ پارکوں کی کل تعداد کو ایک سو بیس تک اور کیمپ کی جگہوں کو اکیس ہزار تک پہنچا دیں گی۔

نئے پارک یہ ہیں :-

Silent Lake Provincial Park, جو اٹھارہ سو ساٹھ ایکڑ کے رقبہ پر مشتمل APSLEY سے ۱۳ میل شمال میں ہائی وے ۲۸ پر واقع ہے۔ یہاں ۸۵ کیمپ کی جگہیں بنائی گئی ہیں لیکن موٹر بوٹ کی اجازت نہیں ہے۔ داخلہ فیس عام شرح کے مطابق ہو گی۔

Ferris Provincial Park, CAMPBELLFORD کے ایک میل جنوب میں نمبر ۳۱ COUNTY ROAD پر واقع ہے۔ اس میں ۸۰ کیمپ کی جگہیں، آرام گاہیں اور TRENT RIVER SYSTEM میں کشتی اتارنے چڑھانے کے ڈھلوان کا اضافہ کیا گیا ہے۔ داخلہ فیس عام شرح کے مطابق ہو گی۔

Bronte Creek Provincial Park, جو کوئین الزبتھ وے اور ہائی وے ۲۵ پر ٹورانٹو اور ہیملٹن کے درمیان واقع ہے۔ یہ پارک اس سال دن میں پکنک کے لیے بغیر کسی فیس کے استعمال کیا جا سکے گا۔ اس کی خاص خوبی بچوں کا فارم اور NATURE HIKES ہے۔

Ouimet Canyon Provincial Park, DORION عنقریب ہائی وے ۱۷ پر تھنڈربے کے ۴۵ میل مشرق میں واقع ہے۔ یہ پانی کے دریا کے ساتھ پیدل چلنے والی پگڈنڈیاں

فراہم کرتا ہے تاکہ تفریح کو آنے والے "GRAND CANYON OF ONTARIO" کا دلکش نظارہ کر سکیں۔ داخلہ مفت ہے۔

کئی اور موجودہ صوبائی پارکوں میں مزید کیمپ کی جگہیں زیر تعمیر ہیں۔ یعنی "BON ECHO" "ALGONQUIN" "REMI LAKE" "FAIRBANK" "KILLBEAR" اور IVANHOE میں۔

مزید معلومات اور مقامات کا نقشہ حاصل کرنے کے لیے اس پتے پر لکھیے۔

Ontario Parks Division,
Ministry of Natural Resources
Whitney Block
99 Wellesley Street West
Toronto, Ontario M7A 1W3

Ministry of Natural Resources
Leo Bernier, Minister

Government of Ontario
William Davis, Premier

صبیح الدین اور عثمان غنی
پیش کرتے ہیں
انڈو پاک کے مشہور فن کار

مہدی حسن

فریدہ خانم، معین اختر، ایک رقاصہ اور ماہر سازندوں کے ساتھ
بتاریخ ۷ رجون ۱۹۷۵ء بروز ہفتہ آٹھ بجے شب

شرح ٹکٹ: بڑوں کے لیے آٹھ ڈالر، بچوں کے لیے پانچ ڈالر

AT VARSITY ARENA ON BLOOR & BEDFORD (ST. GEORGE SUBWAY)
TORONTO
FOR INFORMATION CALL
922-0222 OR 922-1440

ٹورنٹو میں ٹکٹ ریکس سینما اور دیسی گروسری کی دکانوں پر مل سکتے ہیں۔

OTTAWA

آٹوا میں ۹ رجون کو ۷ بجے شام
پروگرام پیش ہوگا
ٹکٹ: چھ ڈالر، پانچ ڈالر طالب علموں کے لیے چار ڈالر، بچوں کے لیے دو ڈالر

at High School of Commerce
300 Rochester Street, Ottawa
For Information & Reservation
call: 746-8036 or 234-2606

DETROIT

ڈی ٹرائیٹ میں ۱۹ رجون کو ½۷ بجے شام
پروگرام پیش ہوگا
ٹکٹ: سات ڈالر، پانچ ڈالر طالب علموں کے لیے چار ڈالر

at Mesonic Auditorium
500 Temple, Detroit
For Information & Reservation
call: 283-3364,832-0919,831-0056

بنگلہ دیش کے مختلف علاقوں میں حریت پسندوں کی مزاحمت جاری ہے

پولیس کے ساتھ مسلح تصادم میں آٹھ چھاپہ مار ہلاک ہو گئے

نئی دہلی ۔۔۔ (ریڈیو رپورٹ) بنگلہ دیش میں مختلف مقامات پر حریت پسندوں کی طرف سے مزاحمت جاری ہے اور مقامی پولیس اور فوج ان حریت پسندوں کو ختم کرنے کے لیے ہر قسم کے اقدامات کر رہی ہے۔ بی بی سی کے نامہ نگار کے مطابق یہ حریت پسند جنہیں مقامی انتظامیہ چھاپہ مار کہتی ہے اسلحہ کی ایک بھاری مقدار رکھتے ہیں اور مسلح حملے کرتے ہیں۔ گذشتہ روز پولیس اور چھاپہ ماروں کے درمیان مسلح تصادم ہوگیا جس کے نتیجے میں آٹھ چھاپہ مار ہلاک ہو گئے۔ پولیس نے ان چھاپہ ماروں کے قبضہ سے بھاری مقدار میں اسلحہ بھی برآمد کیا ہے۔

حیات طیبہ پر فلم نہ بنائی جائے مولانا مودودی

لاہور ۔۔۔ (پ پ) مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ حکومت لیبیا کسی ایسی فلم کی تیاری کی اجازت نہیں دے گی جس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خلفائے راشدین اور صحابہ کرام کے کردار کو دکھایا جا رہا ہو۔ ... یہ حرکت انتہائی ناپسندیدہ ہے اس فلم پر پہلے مراکش میں شروع کیا گیا تھا لیکن وہاں حکومت نے اسے بند کرا دیا تھا اب ان لوگوں نے لیبیا میں اس فلم پر کام کا آغاز کیا ہے وہاں کے بھی ایک بہت بڑے عالم دین نے اس کے خلاف احتجاج کیا ہے اور دنیا کے مختلف حصوں کے مسلمان بھی اس پر احتجاج کر رہے ہیں۔

ہنزہ اور گلگت کے علاقے میں ریت سے سونا نکالنے کا منصوبہ

آسٹریلیا کے ماہرین کی خدمات حاصل کر لی گئیں

کراچی ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) معدنی ترقیاتی کارپوریشن نے گلگت اور ہنزہ کے دریائی علاقے میں دریاؤں کی ریت سے سونا نکالنے کا ایک جامع منصوبہ تیار کیا ہے جس پر ۲۴ کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ یہ منصوبہ آسٹریلیا کی ایک فرم ... کے تعاون سے شروع کیا گیا ہے ... اس علاقے میں سونا کتنی مقدار میں ہے اس کا اندازہ لگانے کے لیے ماہرین سروے کر رہے ہیں ... ماہرین کے مطابق اس علاقے میں ڈھائی کروڑ ٹن ریت موجود ہے جس سے ... سونا نکالا جا سکتا ہے ... گلگت اور ہنزہ کے درمیان دریائی علاقے میں سونے کے ذخیرے ملنے کی توقع ہے کیونکہ اس علاقے کے قدیم باشندوں کے پاس کافی سونا ہے ... سونا نکالنے کا مکمل پروگرام ... حکومت کو پیش کر دی جائے گی۔

جی ایم سید اور شیخ ایاز کی کتابیں ضبط کر لی گئیں

کراچی ۔۔۔ (پ پ ا) حکومت سندھ نے پریس اینڈ پبلیکیشنز آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۳ء کے تحت ۹ کتابوں اور رسالوں کو قابل اعتراض قرار دے کر فوری طور پر ضبط کر لیا ہے۔ ضبط کی جانے والی کتابوں میں مسٹر جی ایم سید اور شیخ ایاز کی کتابیں شامل ہیں۔

سابق صدر یحییٰ کے خلاف مقدمہ داخل دفتر کر دیے گئے

کھاریاں ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) مقامی سپیشل پولیس نے سابق صدر یحییٰ خان اور ان کے بھائی سابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس آغا محمد علی خان کے خلاف رشوت، بدعنوانی اور اپنے اختیارات سے ناجائز فائدہ اٹھانے کے مقدمات عدم ثبوت کی بنا پر داخل دفتر کر دیے ہیں۔ سابق صدر پر الزام تھا کہ انہوں نے ... فوجی خدمات کے صلے میں دو مربع اراضی حاصل کی ... سابق ڈپٹی جنرل پولیس ...

نیپ کے خلاف حکومت کے ریفرنس کی باقاعدہ سماعت ۱۶ رجون سے شروع ہو گی

۱۰ جون تک جواب داخل کر سکیں گے۔ کالعدم نیپ کے لیڈروں کو ایک سے دوسرے لیے مختلف ریسٹ ہاؤس میں اکٹھا رکھنے کی ہدایت

نیپ کے ۵ ارکان کی مجلس عاملہ کو اجلاس منعقد کرنے کی اجازت دیدی گئی

سپریم کورٹ نے سماعت کے لیے پروگرام کا اعلان کر دیا

راولپنڈی ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) سپریم کورٹ آف پاکستان ... نیشنل عوامی پارٹی کو خلاف قانون قرار دینے کے بارے میں حکومت کے ریفرنس کی سماعت ... ۱۶ جون سے شروع ہوگی ... تحریری جواب داخل کرنے کے ... عدالت عظمیٰ نے کالعدم نیپ ...

اپوزیشن حکومت کے ساتھ بے مقصد مذاکرات نہیں کرے گی: مفتی محمود

دستور کی خلاف ورزی کرنے والی حکومت کو برسر اقتدار رہنے کا کوئی حق نہیں

آزاد کشمیر کے بارے میں سیاسی تجاویز پاکستان کے موقف کے منافی ہیں

کیمبل پور ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) قومی اسمبلی میں حزب اختلاف کے قائم مقام لیڈر مولانا مفتی محمود نے کہا ہے کہ سیاسی جنگ ... متحدہ جمہوری محاذ حکومت کے ساتھ بے مقصد مذاکرات نہیں کرے گا ...

آبادی کی منصوبہ بندی کو موثر بنانے کے لیے کمیٹی قائم کر دی گئی

راولپنڈی ۔۔۔ (پ پ ا) ...

Office 741 9170
Res 742 1642

Office 741 9170
Res 742 1642

Professional Real Estate Service has been our business since 1900

جائیداد کی خرید و فروخت کر
کے لئے ہمیں خدمت کا موقع دیجئے

پندرہ سو ڈالر گورنمنٹ گرانٹ
سے فائدہ اٹھائیے

Gibson Willoughby Limited

Gibson Willoughby Limited

FATEH MOHAMMAD MALIK

یاد رکھیئے کہ اگر جائیداد ہماری معرفت خریدیں گے تو مارگیج کا بندوبست مفت کیا جائیگا

23 WESTMORE DRIVE, SUITE 103, REXDALE, ONTARIO, CANADA M9V 3Y6

مذہب اور سیاست کو قومی اتحاد کے فروغ کا ذریعہ بنایا جائے

مساجد و خزانِ کعبہ میں ان کا احترام ہر شخص پر فرض ہے : کوثر نیازی

کراچی — (اپ پ) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور مولانا کوثر نیازی نے تمام سیاسی اور مذہبی حلقوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مساجد کا احترام کریں کیونکہ یہ خزانِ خانہ کعبہ ہیں۔ انہوں نے آج جامع مسجد عیدگاہ میں نماز جمعہ کے وقت خطبہ دیتے ہوئے کہا کہ مساجد کو ہر قسم کی جماعتی سیاست اور فرقہ واریت سے بالاتر رکھنا چاہیے اور ہر شخص کو چاہیے کہ مسجد کو مسلمانوں کے اتحاد کا مرکز بنانے کی کوشش کرے۔

بھارت کو برآمد کرنے کیلئے پاکستانی روئی جہازوں پر لادنا شروع کر دی گئی

ایک لاکھ ٹن روئی میں سے نصف پاکستانی اور نصف بھارتی جہاز لیکر جائیں گے

کراچی — (اپ پ) پاکستانی روئی بھارت کو برآمد کرنے کے لئے آج جہازوں پر لادنا شروع کر دی گئی ہے۔

یونانیوں نے قبرص میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی کا مزار شہید کر دیا ہے: مفتی قبرص

لاہور — (اپ پ) قبرص کے مفتی ڈاکٹر رفعت مصطفیٰ نے ...

پاکستان کے تجارتی بحری بیڑے میں ۶۷ء کے بعد صرف ایک جہاز کا اضافہ ہوا

کراچی — (نمائندہ خصوصی) پاکستان کے پاس جہازوں کے ...

انٹاریو میں گھر خریدنے والوں کو
پندرہ سو ڈالر کی امداد

اسے کون حاصل کرے گا؟ کیسے؟ کب؟ کیوں؟

حکومت انٹاریو سمجھتی ہے کہ آپ کے لیئے خود اپنا ایک گھر ہونا کتنی اہمیت رکھتا ہے۔ اور ہم اسی لیئے آپ کو اپنا پہلا گھر خریدنے میں پندرہ سو ڈالر کی امداد دینا چاہتے ہیں۔ یہ انٹاریو میں زیادہ سے زیادہ گھر مہیا کرنے کے ہمہ گیر منصوبے کا ایک حصہ ہے اور ہماری معیشت کو مضبوط بناتا ہے۔ چنانچہ یہ ہم سب کے لیے بہتر ہے۔

اپنے سوالات کے جواب حاصل کرنے کے لیئے جیب لیں (MINISTRY OF REVENUE, QUEEN'S PARK, TORONTO) کو فون کیجیے۔ "0" ڈائیل کرکے آپریٹر سے ZENITH 8-2000 کی لائن مانگیے جس کا کوئی خرچ نہیں ہوگا۔ میٹرو ٹورانٹو کے مقامی ٹیلی فون کے حدود میں رہنے والے 965-8470 پر ربط قائم کریں۔

Ontario

W. Darcy McKeough
Treasurer of Ontario

William Davis
Premier

Arthur Meen
Minister of Revenue

MATCHLESS TRAVEL SERVICE

WORLDWIDE TRAVEL & TOURIST SERVICE

TORONTO - KARACHI
Return $688
TORONTO - DELHI or
TORONTO - BOMBAY
Return $697
14-120 day excursion

645A BLOOR STREET W
TORONTO-ONT
534-1439

آزاد کشمیر کے انتخابات میں دھاندلی کے خلاف جلوس نکالنے کی کوشش

مسلم کانفرنس اور متحدہ جمہوری محاذ کے کارکنوں کو گرفتار کرنے کے بعد رہا کر دیا گیا

سابق مشرقی پاکستان کے مسلم لیگی رہنما خواجہ خیر الدین مولانا مودودی سے باتیں کر رہے ہیں۔




گورنمنٹ کی شاندار پیشکش ... سے فائدہ اٹھائیے

اور مکان کی خریداری میں ... ۱۵۰۰ ...

ایک ... سلطان قریشی

SULTAN QURESHI
2 MILLION DOLLAR
ACHIEVEMENT AWARD

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W., Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 676-9377

Complete Real Estate Service Throughout Ontario

علیحدہ ثقافتوں کا پرچار کرنے والے نظریہ پاکستان کو کمزور کر رہے ہیں

پاکستانی ثقافت کا فیصلہ ہو جانا چاہیئے: کوثر نیازی

ولی خاں، سکندر خاں اور غلام محمد بلور کی میعاد نظر بندی میں تین ماہ کی توسیع

نظر ثانی بورڈ کی سفارش پر نیپ کے پانچ نظر بند رہا کر دیئے گئے

رہا ہونے والوں میں ہاشم غلزئی، قسور گردیزی اور رأو مہروز اختر شامل ہیں

یہودی شرپسندوں نے بیت المقدس میں قبۃ الصخرا کی دیواروں کو داغدار کر دیا

مسلمان نوجوانوں نے یہودیوں کو مار بھگایا

لاہور میں جلسے جلوسوں اور مظاہروں پر پابندی لگا دی گئی

بنگلہ دیش نے اپنے سکہ کی قیمت ۵۸ فیصد کم کر دی

Please Visit Us for
Masalas, Rice,
Halal Meat & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی
پہلی دکان

Afro Asian

918 PAPE AVENUE,
TORONTO

Phone 463-1287

طلباء تعلیم حاصل کریں اور اپنی زندگی کا کوئی مقصد متعین کریں: مولانا مودودی

آزاد کشمیر بھی بھارت کا اٹوٹ انگ ہے: شیخ عبداللہ کی منطق

وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کے لیئے تحفہ لے جانا ایک مشرقی رسم ہے۔ ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔

مشہور کمپنیوں کے بنے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر وغیرہ یورپ سے براہ راست پاکستان بھجوانے کیلئے

خوابوں کی تعبیر۔ خواہشوں کی تکمیل کا مرکز

AAlice International
Unique Trade & Commerce
P. O. Box 366 Station J
Toronto M4J 4Y8
Ontario- Canada
Phone: (416) 459-0820

پندرہ روزہ
کریسنٹ
سوروشو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ۔

سنو! اللہ کے دوست جو ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (القرآن)

آج شمارے میں

اردو اور انگریزی دونوں حصوں میں پاکستان کے بنگلہ دیش کو تسلیم کر لینے کے بعد پاک چین تعلقات پر بحث و مباحثہ ہو رہے ہیں۔ کئی پرچوں میں حقائق جس انداز میں پیش کیے گئے ہیں ان سے کھلا تعصب صاف عیاں ہے۔ اسی موضوع پر جناب ظفر بنگش اور جناب جمیل رشید نے نہایت ہی مدلل اور معلوماتی مضمون لکھا ہے جو اس شمارے کے انگریزی سکشن میں صفحہ اول کی زینت بنا ہے۔ امید ہے کہ ہمارے قارئین اس کا بغور مطالعہ کر کے اپنی رائے سے مستفید کریں گے۔

ٹورانٹو کے ایک مقامی اخبار "سٹار" میں پچھلے دنوں پاکستانیوں کے خلاف جو بے بنیاد باتیں لکھی گئیں ان کے خلاف ہماری کمیونٹی کا رد عمل فطرت کے عین مطابق تھا۔ چنانچہ مقامی حکام اور سیاسی قائدین سے ملاقات کی گئی۔ مقامی اخباروں کو خطوط لکھے گئے۔ اور کچھ حضرات نے سر عام جلسہ کیا اور جلوس نکالا۔ احتجاجی مظاہرے میں کوئی تین سو آدمی شریک تھے لیکن ریڈیو، ٹی۔ وی اور اخبارات میں اس کی رپورٹنگ پیش ہوئی تو وہ لوگ بھی اس واردات سے آگاہ ہو گئے جنہیں "سٹار" کی غیر ذمہ دارانہ رپورٹ کا کوئی علم نہیں تھا۔ محمد جاوید اکبر نے اپنے مضمون "چاند کا نسلی امتیاز" میں اس موضوع پر استعاراتی زبان میں بڑی فہم و فراست کی باتیں لکھی ہیں۔ شمیم احمد شیخ نے اپنے انگریزی مضمون میں ان تمام اقدامات کا ذکر کیا ہے جو ہماری کمیونٹی کا رد عمل تھے۔

[illegible]

ارشد محمود وائیں (کراچی)

پاک چین تعلقات — ایک مختصر جائزہ

چین نے ابھی تک بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کیا آخر کیوں؟

چین کے نائب وزیر اعظم مسٹر لی شین نین کا حالیہ دورہ پاکستان کس حد تک کامیاب رہا ہے، اس کے متعلق صرف اتنا کہہ دینا ہی کافی ہوگا کہ جو تعلقات اور دوستی پہلے سے موجود تھی اس میں مزید استحکام اور جوش پیدا ہوا ہے۔ [illegible]

ملک کی طرف موڑا۔ ۱۹۵۹ء میں پاکستان کے سابق صدر ایوب نے عوامی جمہوریہ چین کے ساتھ سرحدوں کا مسئلہ طے کرنے کی خواہش کا اظہار کیا اور اکتوبر ۱۹۶۲ء میں یہ بات چیت شروع ہو گئی۔ [illegible]

[illegible]

پاکستان کو جب اپنے مغربی اتحادیوں کی بے رخی کا تلخ تجربہ ہوا تو اس نے اپنی خارجہ پالیسی کا رخ ایشیا کے اس عظیم [illegible] اور بھارت پر شدید دباؤ پڑا کہ دونوں ممالک اپنی فوجیں ایک دوسرے کے علاقے سے واپس بلائیں اور جموں و کشمیر [illegible]

[illegible]

حکایت رومیؒ

سچائی کا مزا

مولانا فرماتے ہیں کہ سچائی اور جوش عشق اللہ کے خاص بندوں کا شعار ہے اور اس کے مقابل بے شرمی دغابازوں کی خصلت ہے۔ وہ خلق خدا کو اپنے دام میں گرفتار کرنے کے لیے ظاہر کرتے ہیں کہ ہم بالکل خوش اور بے فکر ہیں حالانکہ ان کا اندرون سراسر پریشان ہوتا ہے۔

ایک کمینے شخص کو دنبہ کی چکنی کھال کہیں سے مل گیا ہے۔ وہ روزانہ صبح کو اس سے اپنی مونچھیں چکنی کر کے مٹکتا ہوا امیروں میں جا بیٹھتا اور کہتا کہ آج خوب مرغن چیزیں کھائی ہیں اور ثبوت میں مونچھوں پر تاؤ دیتا تھا۔ مطلب یہ کہ دیکھو میاں مونچھیں تک چکنی ہو رہی ہیں۔ وہ تو اپنی دولت مندی کا دعویٰ کرتا اور اس کی مونچھوں پر لعنت ملامت بھیجتا تھا۔ اور کہتا تھا کہ اے خدا اور کمینے شیخی بگھارنے والوں کی قلعی کھول [illegible]

[illegible]

ادب و بصیرت

سید عبدالرشید

حضرت علی المرتضیٰؓ کے مکتوبات

گورنر فارس عمر ارحبی کو لکھا:

"تمہارے شہر کے سرداروں اور تاجروں نے شکایت کی ہے کہ تم ان کے ساتھ سختی اور حقارت کا سلوک کرتے ہو۔ میں انہیں مشرک ہونے کی وجہ سے تحقیر کا مستحق نہیں سمجھتا۔ عہد و پیمان کی رو سے نہ انہیں نکالا جا سکتا ہے، نہ ستایا جا سکتا ہے۔ ان کے ساتھ نرمی سے پیش آؤ، جس میں سختی کی آمیزش ہو۔ مگر ایسا نہ ہو کہ بات ظلم کی حد تک پہنچ جائے۔ ان سے جو بات طے ہوئی ہے، اس کی خلاف ورزی نہ کرو۔ البتہ ان سے خراج وصول کرو، اور جنگ میں ان کی مدافعت کرو۔ لیکن ان سے اتنا خراج نہ لو جو ان کی استطاعت سے باہر ہو۔ میری طرف سے تمہیں یہ ہدایت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی سے مدد طلب کی جا سکتی ہے۔"

ایک اور گورنر زیاد بن ابیہ کو لکھا:

سعد نے مجھے بتایا ہے کہ تم نے اس پر زیادتی کی۔ اسے گالیاں دیں اور متکبرانہ انداز میں اس کی پیشانی پر مارا۔ جناب رسول پاکؐ کا ارشاد گرامی ہے: عظمت اور بڑائی صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ جس نے تکبر کیا اس نے اللہ تعالیٰ کو غصہ دلایا۔ سعد سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ تمہارے دسترخوان پر انواع و اقسام کے کھانے ہوتے ہیں، اگر تم کبھی کبھی (نفلی) روزے رکھتے اور اپنی بعض چیزیں حاجت مندوں کو دے دیتے تو اس سے تمہارا کچھ بگڑ نہ جاتا۔ کیا تم چاہتے ہو کہ خود عیش و عشرت کے بستر پر آرام کرو اور مسکین پڑوسیوں، کمزور فقیروں، اللہ کے بندوں اور بیواؤں سے بے نیازی برتو اور پھر ثواب بھی نیکی کرنے والوں کا سا ملے۔ مجھے یہ بھی بتایا گیا ہے کہ باتیں تم نیکوں کی سی کرتے ہو، مگر تمہارے کام گنہگاروں کے سے ہیں۔ اگر تم ایسا کرتے ہو اپنی جان پر ظلم کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ کی جناب میں توبہ کرو۔ اپنے اعمال کی اصلاح کرو۔ اور اپنے معاملات میں اعتدال پیدا کرو۔

گورنر منذر ابن جارود کو لکھا:

"تمہارے باپ کے تقویٰ و طہارت کی وجہ سے مجھے تمہارے متعلق دھوکا ہوا۔ مگر مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم اپنی خواہشات کی بندگی سے باز نہیں آتے، خواہ اس میں تمہارے دین کا دامن داغدار ہو جائے۔ میں نے یہ بھی سنا ہے کہ تم اپنا کام چھوڑ کر زیادہ وقت سیر و تفریح میں گزارتے ہو۔ نیز تم نے اپنی قوم کے بادیہ نشینوں کے لیے اللہ تعالیٰ کے مال میں اپنا ہاتھ آزاد کر لیا ہے۔ گویا یہ تمہارے باپ دادا کی وراثت ہے۔ تم نے مسلمانوں کے مال میں خیانت کی۔ بیت المال کی رقوم ضائع کرنا اللہ تعالیٰ کے غضب کو دعوت دینا ہے۔ ایسا شخص سرحد کی حفاظت کا اہل نہیں ہو سکتا۔"

[illegible]

حدیث نبویؐ

جس کے ہمسایہ کو اس سے تکلیف ہو وہ مومن نہیں۔ پڑوسی کو تھوڑی سی تکلیف دینا بھی جائز نہیں۔ وہ مومن نہیں جو پیٹ بھر کر کھائے اور اس کا ہمسایہ بھوکا ہو۔ پڑوسی کی مدد چاہیں گر (بھیک) ہو، وہ شخص جنت میں نہ داخل ہوگا جس کے شر (بدی) سے اس کے ہمسایہ کو امن نہ ہو۔ جو شخص اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ دے۔

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۲ - شمارہ نمبر ۶ | پندرہ روزہ کریسنٹ ٹورنٹو کینیڈا

سردار محمد ابراہیم خاں آزاد کشمیر کے صدر منتخب ہو گئے

مقننہ کی چالیس نشستوں کے لیے بھی پولنگ مکمل ہو گئی

سردار عبدالقیوم کے بائیکاٹ کے باوجود انہیں اور ان کے امیدواروں کو بھی ووٹ ڈالے گئے

کالعدم نیپ کے چار نظر بند لیڈروں نے تا مرگ بھوک ہڑتال کر رکھی ہے

بزنجو، مری اور سلطان محمد کی بھوک ہڑتال کو دس دن گزر چکے ہیں : قصور گردیزی

انتہائی ناگفتہ بہ زندگی بسر کرنے والے تین لاکھ بہاریوں کو بنگلہ دیش سے پاکستان لایا جائے

بہاریوں کی آبادکاری کے لیے مسلم ممالک سے امداد حاصل کی جا سکتی ہے

عوام نے شیخ مجیب کو علیحدگی کے لیے ووٹ نہیں دیئے تھے : خواجہ خیرالدین

سمگلروں کو گولی مارنے سے بھی گریز نہیں کیا جائے گا : وزیر اعظم

مدینہ منورہ کو خوبصورت بنایا جائے گا

بیگم بھٹو کا دورہ ...

اسلام آباد یونیورسٹی نے ... کے تعاون سے ظروف سازی کا ڈگری کورس شروع کرنے کا فیصلہ

سپریم کورٹ نے وزیر اعظم کے خلاف توہین عدالت کے مقدمے کی درخواست خارج کر دی

عدالت کسی دھمکی سے متاثر ہو سکتی ہے نہ کوئی عدالت پر اثر انداز ہو سکتا ہے

چودھری ظہور الٰہی کی درخواست پر سپریم کورٹ کے فل بنچ کا ریمارک

کریسنٹ درجہ اول کی ڈاک سے

۱۵ مارچ کے شمارے میں ہمارے استفسار کے جواب میں ہمارے چند قارئین نے اخبار کو درجۂ اول کی ڈاک سے بھجوانے کا مشورہ دیا ہے تاکہ اخبار کے دیر سے پہنچنے کی شکایت کا ازالہ ہو سکے۔ جو قارئین اپنی کاپی درجۂ اول کی ڈاک سے منگوانے کے خواہش مند ہیں وہ چندے کی شرح کا اضافہ یہاں دیئے ہوئے اس کوپن خریداری سے نوٹ فرمالیں۔ شکریہ (ادارہ)

SUBSCRIPTION RATES:

- ☐ FOR ONE YEAR $6.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $8.00
- ☐ FOR TWO YEARS $10.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $14.00
- ☐ FOR SIX MONTHS $4.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $5.00

The Crescent
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
M2H 2P6
Canada

TELEPHONE: (416) 493-4374

NAME: ____________________

ADDRESS: ____________________

POSTAL CODE:

TELEPHONE:

U.S. cheques please include an additional 25¢

پاکستانی سفارت خانے میں آتش زنی

انقرہ میں پچھلے ہفتے پاکستانی سفارت خانے کی پوری عمارت جل گئی۔ سوائے پاکستان کے قومی جھنڈے کے اور کچھ بھی بچایا نہ جا سکا۔ آگ لگنے کی وجوہات کی تفتیش جاری ہے۔ سفارت خانے کے نئے دفتر کا پتہ اور آتش زنی کی تفصیلات ہنوز معلوم نہیں ہو سکیں۔

سعودی عرب، مصر، قطر اور متحدہ عرب امارات اسلحہ سازی کے مشترکہ کارخانے قائم کریں گے۔